Total No. of Questions : 16]    [Total No. of Printed Pages : 14

# 10thARNKD (W/Z) JKLUT-2025

# 1001-B

# URDU

**Time: 3 Hours]**    **[Maximum Marks: 80**

---

***Note:-*** **"Attempt any 68 Marks out of 80 Marks".**

Kashmir Student Alerts

## حصہ "الف"

سوال نمبر 1 ۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں دی گئی خالی جگہوں کو اسی عبارت سے چنے گئے مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔ 5

اکثر والدین بچوں میں جھوٹ بولنے کی عادات خود ڈالتے ہیں۔ اس لئے وہ بالغ ہو کر یہ عادات ساتھ رکھتے ہیں اور شعوری و غیر شعوری طور پر سمجھتے نہیں کہ وہ کس طرح اپنی زندگی کو تباہ و برباد کر رہے

ہیں۔ گھر پر اگر کوئی والد کو باہر سے بلاتا ہے تو والد بچے کے ذریعہ یہ پیغام دیتے ہیں کہ ''وہ گھر پر نہیں ہیں'' اس طریقہ سے بچہ اپنے والدین کی نقل اتارتا ہے اور وہ جھوٹ بولنے پر قادر ہوتا ہے۔

یہ حرکت بظاہر معمولی سی ہوتی ہے مگر دراصل یہ کتنا بدترین قصور ہے؟ اور کتنا بڑا گناہ ہے؟

**سوالات**

۱۔ بچے بالغ ہو کر یہ ........... ساتھ رکھتے ہیں۔

۲۔ والد بچے کے ذریعہ یہ ........... دیتے ہیں۔

۳۔ وہ کس طرح اپنی زندگی تباہ و ........... کرتے ہیں؟

۴۔ بچہ اپنے والدین کی ........... اتارتا ہے۔

۵۔ مگر دراصل یہ کتنا ........... ہے۔

Kashmir Student Alerts

سوال نمبر 2} درج ذیل شعری عبارت کو غور سے پڑھئے اور آخر میں اس سے متعلق دیئے گئے سوالات کے جواب چن لیجئے۔ 5

پروانہ اک پتنگا، جگنو بھی اک پتنگا
وہ روشنی کا طالب، یہ روشنی سراپا
ہر چیز کو جہاں میں قدرت نے دلبری دی
پروانے کو تپش دی، جگنو کو روشنی دی

Kashmir Student Alerts

**سوالات**

ا۔ پروانہ کیا ہے؟

(ا) جگنو (ب) پتنگا

(ج) مکھی (د) مچھر

۲۔ روشنی کا طالب کون ہے؟

(ا) پروانہ (ب) تتلی

(ج) جگنو (د) بھنورا

۳۔ جگنو کو کیا دیا گیا ہے؟

(ا) تپش (ب) روشنی

(ج) اندھیرا (د) گہن

۴۔ ہر چیز کو قدرت نے کیا دی؟

(ا) روشنی (ب) ظلمت

(ج) دلبری (د) جھلک

Kashmir Student Alerts

۵۔ روشنی سراپا کون ہے؟

(ا) پروانہ (ب) جگنو

(ج) شہد کی مکھی (د) بلبل

سوال نمبر 3۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ 5

ایک ڈاکٹر کا قول ہے کہ تمباکو پینے کی عادت ڈالنے سے اپنا گلا گھونٹ کر مر جانا بہتر ہے۔ تمباکو کا زہریلا اثر دانتوں کو بھی نقصان پہنچاتا ہے۔ تمباکو پینا فضول خرچی میں داخل ہے۔ کینسر جیسے مہلک مرض کا آغاز حقہ نوشی اور سگریٹ پینے کا انجام ہے۔ دیکھا گیا ہے کہ اکثر ہونہار اور اچھے لڑکے سگریٹ نوشی کی وجہ سے تباہ و برباد ہو جاتے ہیں۔

Kashmir Student Alerts

**سوالات**

ا۔ اپنا گلا گھونٹ کر مر جانا کس سے بہتر ہے؟

۲۔ تمباکو پینا کس میں داخل ہے؟

۳۔ کینسر جیسے مہلک مرض کا آغاز کس چیز کا انجام ہے؟

۴۔ تمباکو کا زہریلا اثر کس کو نقصان پہنچاتا ہے؟

۵۔ ہونہار اور اچھے لڑکے کس وجہ سے تباہ و برباد ہو جاتے ہیں؟

## حصہ "ب"

سوال نمبر 4۔ الف درج ذیل حروف میں سے صرف تین کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کا مذکر یا مونث واضح ہو جائے۔ 3

۱۔ دودھ ۲۔ نفرت

۳۔ جہالت ۴۔ رومال

Kashmir Student Alerts

ب درج ذیل الفاظ میں صرف دو کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔

2

۱۔ اسباق ۲۔ قلم

۳۔ تصویر ۴۔ باغات

سوال نمبر 5۔ درج ذیل حروف کی تعریف مع مثال لکھئے۔ 2x2=4

۱۔ حروف عطف ۲۔ حروف تاکید

۳۔ حروف تاسف ۴۔ حروف شرط

Kashmir Student Alerts

سوال نمبر 6۔ ہدایات کے مطابق جواب لکھئے۔ 5

۱۔ ''دھوبی کپڑے دھوتا'' اس جملے میں دھوبی قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(ا) فعل (ب) فاعل

(ج) مفعول (د) صفت

۲ ''فاطمہ ایک نیک لڑکی ہے'' اس جملے میں نیک قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(ا) مفعول (ب) فاعل

(ج) صفت (د) ضمیر

۳۔ ''زبیدہ نے روٹی کھائی'' اس جملے میں روٹی قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(ا) فعل (ب) فاعل

(ج) صفت (د) مفعول

۴۔ ''جاوید نے دو کلو دودھ لایا'' اس جملے میں دو کلو قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(ا) فاعل (ب) مفعول

(ج) فعل (د) صفت مقداری

Kashmir Student Alerts

۵۔ "مختار جوان ہے" اس جملے میں جوان قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(ا) صفت مقداری (ب) صفت

(ج) فاعل (د) مفعول

سوال نمبر 7 درج ذیل محاورات میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ 2

۱۔ پھونک پھونک کر قدم رکھنا

۲۔ خاک میں ملانا

۳۔ دم توڑنا

سوال نمبر 8 ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔ 4

مختار نے کتے کو مارا

یا

انسان پانی کا بلبلہ ہے

Kashmir Student Alerts

حصہ "ج"

سوال نمبر 9۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ 5

۱۔ ناول ۲۔ انشائیہ

۳۔ نظم ۴۔ غزل

سوال نمبر 10۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔ 5

۱۔ سیر چوتھے درویش کی ۲۔ حالی ۳۔ 'اور مزاج دار لُٹ گئی'

Kashmir Student Alerts

سوال نمبر 11۔ اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجیے۔ 3x2=6

(۱)

ہوں اس کوچہ کے ہر ذرہ سے آگاہ

ادھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

یا

موت کا ایک دن معین ہے

نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

(۲)

وہ کج روش نہ ملا راستے میں مجھ سے کبھی

نہ سیدھی طرح سے ان نے مرا سلام لیا

یا

یہی بہت ہے کہ مجھ پر تری توجہ ہے

تری نگاہ کا انداز دوسرا ہی سہی

Kashmir Student Alerts

دیکھ کر تشنہ لبی میری تعجب نہ کر
میں نے صحراؤں کو بخشے ہیں سمندر کتنے

یا

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ
کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

سوال نمبر 12۔ صرف دو سوالوں کے جوابات لکھیے۔ 6

۱۔ حجن مزاج دار کے زیورات لوٹنے میں کس طرح کامیاب ہوئی؟

۲۔ خوشامد ی میں کیا کیا عیب ہوتے ہیں؟

۳۔ فرش پر سے پتھر ہٹانے کے بعد شہزادے نے کیا دیکھا؟

Kashmir Student Alerts

5 سوال نمبر 13۔ کسی ایک ادیب یا شاعر کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

۱۔ نور شاہ  ۲۔ سر سید احمد خاں

۳۔ شاد  ۴۔ آتش

6 سوال نمبر 14۔ اپنے دوست کو دسویں جماعت کے امتحان میں کامیاب ہونے پر مبارکبادی کا خط لکھئے۔

یا

اپنے اسکول کے سربراہ کے نام اسکول کے کتب خانے کے لئے معیاری کتب خریدنے کے لئے درخواست لکھئے۔

8 سوال نمبر 15۔ کسی ایک عنوان پر دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔

۱۔ موبائل فون کے فوائد و نقصانات

۲۔ تعلیم نسواں

۳۔ صفائی کی اہمیت

۴۔ وقت کی پابندی

Kashmir Student Alerts

6

سوال نمبر 16۔ مختصر جواب لکھئے۔

۱۔ جس شعر میں شاعر اپنا تخلص لکھتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

۲۔ قصیدہ 'شہر آشوب' کس نے لکھا ہے؟

۳۔ اولوالعزمی کے کیا معنی ہیں؟

۴۔ اقبال کہاں پیدا ہوئے؟

۵۔ یٰسین بیگ کی کونسی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

۶۔ ''بنی نوع انسان کا غم خوار آیا'' کن کے لئے کہا گیا ہے؟

*****

Kashmir Student Alerts